تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 05 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبا کا عالمی پیرا بیڈمنٹن چمپئن شپ دو ہزار چوبیس میں انتخاب

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پی ایچ ڈی کے طالب علم منا خالد کو عالمی پیرا بیڈمنٹن چمپئن شپ دو ہزار چوبیس مین چن لیا گیا ہے۔عالمی بیڈمنٹن چمپئن شپ دو ہزار چوبیس کا انعقاد بیس فروری سے پچیس فروری دو ہزار چوبیس میں تھائی لینڈ کے پٹایا میں ہوگا۔اس چمپئن شپ میں عالمی ریکنگ کی بنیاد پر کل بتیس کھلاڑی شریک ہوں گے اور منا خالد کو اسی بنیاد پر بیڈمنٹن فیڈریشن نے منتخب کیا ہے۔

دسمبر دو ہزار تئیس میں منا خالد نے کھیلو انڈیا پیرا گیمز دو ہزار تیس میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔یہ مقابلہ دہلی کے اندرا گاندھی اسٹڈیم میں منعقد ہوا تھا۔اسپورٹس اتھاریٹی آف انڈیا نے اس مقابلے کو پہلی مرتبہ منعقد کیا تھا۔

خالد دہلی کے اکلوتے بیڈمنٹن کھلاڑی ہیں جنھوں نے پیرا بیڈمنٹن میں ریاست دہلی اور ملک کا نام روشن کیا ہے اور اس طرح وہ دہلی سے اکلوتے کھلاڑی بن گئے ہیں جسے عالمی پیرا بیڈمنٹن چمپئن شپ میں لیا گیا ہے۔

خالد کا خواب ہے کہ وہ آئندہ ایشین گیمز اور پیرا اولمپکس میں تمغے جیتیں اور ملک کا نام روشن کریں۔

خالد سردست جامعہ ملیہ اسلامیہ سے پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔اس سے پہلے وہ جامعہ ملیہ اسلامیہ سے بی ایس سی (آنرز)، ایم۔ایس۔ڈبلیو اور شعبہ ہندی جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ہندی میں ایم۔اے کر چکے ہیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی